24-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علوم القرآن	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): ☐☐☐☐☐☐ رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ وحی کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

2۔ منزل بہ کے اعتبار سے وحی کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

3۔ قران مجید کی تنزیل ہوئی ہے:

(الف) تین بار (ب) پانچ بار (ج) سات بار (د) نو بار

4۔ قول راجح کے مطابق طویل مدت میں قلب مصطفٰی ﷺ پر قرآن پاک نازل ہوا:

(الف) 19سال (ب) 21سال (ج) 23سال (د) 25سال

5۔ کتابی شکل میں قران مجید مدون ہوا:

(الف) عہد ابو بکرؓ (ب) عہد عمر فاروقؓ (ج) عہد عثمان غنیؓ (د) عہد علی المرتضیٰؓ

6۔ کثیر تعداد میں حفاظ صحابہ شہید ہوئے ہیں:

(الف) جنگ یمامہ (ب) جنگ جمل (ج) قیصر روم (د) جنگ صفین

7۔ "زبدۃ الاتقان" میں آداب قرآن بیان ہوئے ہیں:

(الف) سات (ب) نو (ج) گیارہ (د) تیرہ

8۔ سورت سے مراد قران مجید کا ایسا جملہ جس میں کم سے کم آیات ہوتی ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

9۔ مکہ مکرمہ میں سورتیں نازل ہوئی ہیں:

(الف) چھیالیس (ب) پچاس (ج) چھیاسی (د) نوے

ورق الٹیے

10۔ نبی کریم ﷺ پر قرآن کریم میں سے سب سے پہلے نازل ہونے کے بارے میں اقوال ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

11۔ نبی کریم ﷺ نے اتنے صحابہ کرام سے قرآن پاک حاصل کرنے کا فرمایا:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

12۔ کیفیات قرأت ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

13۔ قرأت قرآن کے لیے وضو کرنا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

14۔ "زبدۃ الاتقان" میں عجمی الفاظ کی مثالیں بیان ہوئی ہیں:

(الف) نو (ب) گیارہ (ج) تیرہ (د) پندرہ

15۔ نکرہ الفاظ ذکر کرنے کے اسباب ہیں:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

16۔ عام مخصوص بالحدیث کی مثالیں بیان ہوئی ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

17۔ ایسی سورتیں جن میں ناسخ ومنسوخ آیات پائی جاتی ہیں انکی تعداد ہے:

(الف) 41 (ب) 43 (ج) 45 (د) 49

18۔ ایسی سورتیں جن میں صرف منسوخ آیات ہیں:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

19۔ بلاغت کی انواع میں سے سب سے اعلیٰ وارفع نوع ہے:

(الف) اطناب (ب) تشبیہ (ج) استعارہ (د) ایجاز

20۔ ادوات استفہام کی تعداد ہے:

(الف) نو (ب) گیارہ (ج) تیرہ (د) پندرہ

24-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علوم القرآن	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ---------------------------

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ وحی کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔
2۔ القاء فی القلب سے کیا مراد ہے؟
3۔ وحی متلو کی تعریف بیان کریں۔
4۔ بیت العزۃ سے کیا مراد ہے؟
5۔ علم تفسیر کی لغوی تعریف بیان کریں۔
6۔ علم تفسیر کا واضع اور موضوع بیان کریں۔
7۔ آیت کی تعریف تحریر کریں۔
8۔ مکی و مدنی سورتوں کی دو دو علامات تحریر کریں۔
9۔ متواتر قرأت سے کیا مراد ہے؟
10۔ شاذ قرأت سے کیا مراد ہے؟
11۔ حدر سے کیا مراد ہے؟
12۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں سارا قرآن جانتا ہوں مگر چار الفاظ نہیں جانتا وہ الفاظ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ جب ایک اسم کلام مین دو مرتبہ ذکر کیا جائے تو اسکی کتنی اور کون سے حالتیں ہیں؟
2۔ محکم اور متشابہ کی تعریف بیان کریں۔
3۔ مجمل کی تعریف اور مثال بیان کریں۔
4۔ نسخ کا معنی اور تعریف بیان کریں۔
5۔ مفہوم کی تعریف اور اس کی اقسام کے نام تحریر کریں۔
6۔ التعظیم سے کیا مراد ہے؟
7۔ التحقیر کی تعریف اور مثال بیان کریں۔
8۔ بلند آواز سے قرأت کرنے پر ایک حدیث تحریر کریں۔
9۔ قران مجید کو دیکھ کر پڑھنے پر کوئی حدیث تحریر کریں۔
10۔ قرآن مجید کی خوبصورت تلاوت کی فضیلت پر حدیث بمعہ ترجمہ تحریر کریں۔
11۔ تجوید کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں۔
12۔ مشہور قرأت سے کیا مراد ہے؟

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. علم تفسیر کی ضرورت و اہمیت پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔
ii. حضری اور سفری آیات کا بیان تفصیلاً تحریر کریں۔
iii. لفظ "الھدی" کتنے اور کون کونسے معنی کے لیے استعمال ہوئے ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. کفایہ کی تعریف اور اس کے اسلوب کی فصاحت بیان کریں۔
ii. امر کی تعریف کریں اور امر کتنے معنی کے لیے آتا ہے؟ نیز ان معنوں کے نام تحریر کریں۔
iii. وحی غیر متلو اور حدیث قدسی کی وضاحت کریں۔